LEVEL CROSSING REMOVAL PROJECT

URDU

نیا Glenroy سٹیشن اور نیچے پلیٹ فارمز کھلنے کے لیے تقریباً تیار ہیں۔

مارچ 2022 – GLENROY ROAD, GLENROY

تعمیرات کے متعلق تازہ اطلاعات

وکٹورین گورنمنٹ Glenroy Road پر لیول کراسنگ کو ہٹا رہی ہے اور نیا Glenroy سٹیشن تعمیر کر رہی ہے۔ ہفتہ 14 مئی تک لیول کراسنگ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گی اور نئے سٹیشن تک ٹرینوں کی آمد شروع ہو جائے گی۔

اپریل اور مئی میں ہم ریل ٹرینچ میں تعمیرات مکمل کر لیں گے اور نیا سٹیشن کھلنے کی تیاری بھی کر لیں گے۔ ہم نئی ریل لائن کے مغربی رخ پر Dowd Place میں کار پارکنگ اور لینڈسکیپنگ کا کام شروع کریں گے اور یہ مقامات وسط ستمبر میں کھلنے کے لیے تیار ہو جائیں گے۔

26 اپریل سے 14 مئی تک ہم لیول کراسنگ ہٹانے کے لیے 24 گھنٹے جاری رہنے والا کام کریں گے۔ نیا Glenroy سٹیشن مسافروں کے لیے 7 مئی سے کھل جائے گا۔ Glenroy Road پر بوم گیٹس ہٹانے کا کام 14 مئی تک 24 گھنٹے جاری رہے گا۔

تعمیراتی سرگرمیاں

آنے والے مہینوں میں مندرجہ ذیل سرگرمیاں ہوں گی:

- Nelson Street اور Hartington Street کے چوک پر نئے راؤنڈ اباؤٹ کی تعمیر
- Glenroy Road پر پل، حفاظتی بیریئرز اور سکریننگ مکمل کرنے کے لیے تعمیرات
- ٹرین لائن اور ریل انفراسٹرکچر کو ریل ٹرینچ میں منسلک کرنا
- نئے سٹیشن پر تنصیبات، بجلی پانی گیس وغیرہ کی فراہمی اور عملے اور مسافروں کے لیے سہولیات کی تعمیر

ان تعمیرات کے دوران ٹریفک مینیجمنٹ جاری رہے گی۔ براہ مہربانی اس علاقے میں سفر کرتے ہوئے سڑکوں پر لگے ہوئے سائنز اور ٹریفک مینیجمنٹ کے عملے کی ہدایات پر عمل کریں۔

ان تعمیرات کو بروقت مکمل کرنے کے لیے پوری کوشش کی جائے گی تاہم تاریخوں میں تبدیلی ممکن ہے۔

تعمیرات کے لیے اہم تاریخیں

1 اپریل

- Hartington Street کا راؤنڈ اباؤٹ کھلے گا

3 اپریل

- Dowd Place بند ہو جائے گی

26 اپریل

- Glenroy Road بند ہو جائے گی
- لیول کراسنگ ہٹانے کے لیے 24 گھنٹے جاری رہنے والا کام

7 مئی

- نیا Glenroy سٹیشن کھلے گا
- صرف Hartington Street کی طرف سے راستہ مہیا ہے

وسط ستمبر

- Glenroy Station مکمل طور پر کھل جائے گا – Hartington Street اور Post Office Place کی طرف سے راستہ مہیا ہے
- Dowd Place کار پارک کھلے گا

Glenroy Road کے علاقے کے متعلق کیا ذہن میں رکھنا چاہیے

اس علاقے میں ٹریفک میں تبدیلیاں

- Hartington Street، Nelson Street اور **Marlborough Street** میں راؤنڈ اباؤٹ کے کام کے سلسلے میں **جمعرات 31 مارچ** تک بعض اوقات سڑکیں اور لینز بند رہیں گی۔
- لیول کراسنگ پر **Glenroy Road منگل 26 اپریل سے بند ہو جائے گی اور ہفتہ 14 مئی کو دوبارہ کھلے گی** جب لیول کراسنگ ختم ہو چکی ہو گی۔ جنوب میں براستہ Gaffney Street اور شمالی رخ پر Camp Road میں ٹریفک کے لیے متبادل راستے مہیا ہوں گے۔ لیول کراسنگ پر پیدل چلنے والوں کے لیے راستہ تمام وقت مہیا رہے گا۔
- **منگل 26 اپریل اور جمعہ 6 مئی کے درمیان** Craigieburn لائن پر **ٹرینوں کی جگہ بسیں لے لیں گی۔**
- نیا **Glenroy** سٹیشن **ہفتہ 7 مئی** کو پہلی سروس سے مسافروں کے لیے کھل جائے گا۔ شروع میں صرف Hartington Street سے سٹیشن تک پہنچنے کا راستہ مہیا ہو گا۔

QR کوڈ
ہماری تعمیرات کے دوران Dowd Place میں تبدیلیاں دیکھنے کے لیے یہ QR کوڈ سکین کریں۔

- **ہفتہ 7 مئی سے Hartington Street** کے شمالی سرے پر 141 کاروں کے لیے پارکنگ کھل جائے گی۔
- **Dowd Place اتوار 3 اپریل سے لے کر وسط ستمبر تک** ٹریفک کے لیے بند رہے گی۔ پیدل لوگوں کے لیے **جمعرات 26 اپریل تک** موجودہ Glenroy سٹیشن تک پہنچنے کے راستے سمیت، راستہ مہیا ہے۔

ہماری تعمیرات سے مطلّع رہیں

ایس ایم ایس پر اطلاعات
QR کوڈ سکین کریں یا **0428 581 917** پر لفظ **GLENROY** ٹیکسٹ کریں اور Glenroy لیول کراسنگ ہٹانے کے پراجیکٹ کے متعلق ایس ایم ایس پر تازہ اطلاعات/خلل کی اطلاعات وصول کرنے کے لیے سائن اپ کریں۔

ہمیں ای میل کریں
levelcrossings.vic.gov.au/subscribe پر سائن اپ کریں

ہم سے رابطہ کریں
1800 105 105 (24 گھنٹے، ساتوں دن)
contact@levelcrossings.vic.gov.au

VICTORIA'S BIG BUILD
VICTORIA State Government
وکٹورین گورنمنٹ، 1 Treasury Place, Melbourne کا منظور کردہ اور طبع کردہ

اگر آپ یہ معلومات معذوروں کے لیے موزوں فارمیٹ میں لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو سماعت یا گویائی کے نقص کی وجہ سے مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی relayservice.gov.au دیکھیں۔

ترجمے کی سروس
Interpreter
انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں کے لیے، براہ مہربانی 9209 0147 پر کال کریں۔

contact@levelcrossings.vic.gov.au
1800 105 105
levelcrossings.vic.gov.au
@levelcrossings

NWP7478